## پی آئی ڈی سی کے علاقے میں سی آئی ڈی سینٹر میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔ 11 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے پی آئی ڈی سی میں سی آئی ڈی سول لائن کی عمارت میں خوفناک بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکہ کے نتیجے میں متعدد پولیس افسران واہلکاروں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ درندہ صفت سفاک دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے نہ صرف عباداتگاہوں، بزرگان دین کے مزارت اور سیکورٹی فورسز کے دفاتر کو نشانہ بنا رہے ہیں جس کے دوران اب تک ہزاروں معصوم و بے گناہ شہریوں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں شہید ہو چکے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پی آئی ڈی سی کے علاقے میں سی آئی ڈی سول لائن کی بلڈنگ میں دھماکے سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سی آئی ڈی سینٹر میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں اور کسی طور مشتعل نہ ہوں۔انہوں نے بم دھماکہ میں متعدد پولیس افسران واہلکاروں کے جاں بحق ہونے پر شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے علاقے پی آئی ڈی سی میں سی آئی ڈی سینٹر میں بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔ جناب الطاف حسین بم دھماکہ میں زخمی پولیس افسران واہلکاروں اور شہریوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## سینئر تجزیہ نگار ڈاکٹر شاہد مسعود کو بعض عناصر کی جانب سے قتل کی دھمکیاں دیے جانے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا شدید اظہار مذمت
## کسی صحافی یا تجزیہ نگار کے تجزیہ اور خیالات سے اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن انہیں قتل کی دھمکیاں دینا اور ان پر غداری کے الزامات لگانا نہایت شرمناک ہے
## ڈاکٹر شاہد مسعود کو تحفظ فراہم کیا جائے اور انہیں دھمکیاں دینے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 11 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر وائی ڈیجیٹل نیٹ ورک کے صدر اور ملک کے سینئر تجزیہ نگار ڈاکٹر شاہد مسعود کو بعض عناصر کی جانب سے قتل کی دھمکیاں دیے جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کسی بھی صحافی، تجزیہ نگار یا کسی ٹی وی چینل کے اینکر پرسن کے تجزیہ اور خیالات سے اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن انہیں قتل کی دھمکیاں دینا اور ان پر غداری کے الزامات لگانا نہایت شرمناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر شاہد مسعود سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر شاہد مسعود کو تحفظ فراہم کیا جائے اور انہیں دھمکیاں دینے والے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## ڈاکٹر شاہد مسعود کو قتل کی دھمکیاں دیئے جانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔ 11 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض شرپسند عناصر کی جانب سے معروف اینکر پرسن ڈاکٹر شاہد مسعود کو قتل کی دھمکیاں دیئے جانے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ حقائق پر مبنی خبریں پہنچانا اور آگاہی فراہم کرنا صحافی برادری کے فرائض میں آتا ہے لیکن بعض شرپسند عناصر کی جانب سے صحافیوں کو حق اور سچ لکھنے کی پاداش میں انہیں قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے والے عناصر نہ صرف عوام کو آگاہی فراہم کرنے کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں بلکہ وہ آزادی صحافت کے بھی کھلے دشمن ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈاکٹر شاہد مسعود کو قتل کی دھمکیاں دیئے جانے کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور صحافیوں کو تحفظ فراہم کیلئے ٹھوس بنیادوں پر مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی کے کارکن عبدالمجید کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن عبدالمجید کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالمجید شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## پی پی آئی اور پی ایس اے کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی کے کارکن عبدالمجید کو فائرنگ کرکے شہید کردیا عبدالمجید کی شہادت کراچی کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔11/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ A-103 کے کارکن 40 سالہ عبدالمجید کو موٹر سائیکلوں پر سوار پی پی آئی اور پی ایس اے کے مسلح دہشت گردوں نے گزشتہ روز فائرنگ کرکے شہید کردیا اور فرار ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق عبدالمجید شاہ فیصل کالونی کے علاقے ملت ٹاؤن بس اسٹاپ اپنے ٹھیلے پر کھڑے تھے کہ دو موٹر سائیکلوں پر سوار پنجابی پختون اتحاد اور پنجابی اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مسلح دہشت گردوں نے ان پر انتہائی قریب سے فائرنگ کردی جس کے باعث عبدالمجید شدید زخمی ہوگئے اور اسپتال جاتے ہوئے زخموں کی تاب نہ لاکر راستے میں ہی خالق حقیقی سے جاملے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی اور ذیلی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ اور شہید کی رہائشگاہ واقع ملت ٹاؤن پہنچ گئے،اس موقع پر شہید کے اہلخانہ اور ایم کیو ایم کارکنان شدت غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔عبدالمجید شہید نے پسماندگان میں بیوہ،دولڑکے اور پانچ لڑکیاں چھوڑی ہیں۔بعدازاں عبدالمجید شہید کو بعد نماز عصر عظیم پورہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،شہید کی نماز جنازہ مسجد نور ملت ٹاؤن میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ،حق پرست اراکین اسمبلی ندیم مقبول،نشاط محمد ضیاء،ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران، ذیلی یونٹوں کے عہدیداران ،کارکنان ،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن عبدالمجید کو پی پی آئی اور پی ایس اے کے مسلح موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن عناصر سوچی سمجھی سازش کے تحت ایم کیو ایم معصوم وبے گناہ کارکنان کو قتل وغارت گیری کا نشانہ بنارہے ہیں تاہم حکومتی مشینری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی پر قبضے کا خواب دیکھنے والی لسانی جماعتوں مسلح دہشت گرد دن دھاڑے دندناتے پھر رہے ہیں اور ایم کیو ایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں جبکہ رواں سال کے دوران یہ درندہ صفت دہشت گرد ایم کیو ایم کے دوسو سے زائد کارکنان کو انتہائی بے دردی اور سفاکی سے قتل کرچکے ہیں اور تمام تر ثبوت وشواہد کے باوجود بھی انہیں گرفتار نہیں کیا جاسکا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کی پرامن پالیسیوں کو ایم کیو ایم کی کمزوری نہ سمجھا جائے،ایم کیو ایم پرامن جمہوری جماعت ہے۔رابطہ کمیٹی نے عبدالمجید شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ،رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں اور کسی بھی طرح صبر کا دامن ہاتھ نہ چھوڑیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ شاہ فیصل کالونی میں ایم کیو ایم کے کارکن عبدالمجید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور پی پی آئی اور پی ایس اے کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے اور کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے۔

## شعبہ خواتین کی کارکن پارو باجی کے شوہر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن پارو سے ان کے شوہر محمد نجیب آرائیں کے انتقال پر دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محترمہ پارو سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے (آمین)، دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن پارو کے شوہر محمد نجیب آرائیں گزشتہ روز حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے،مرحوم کافی عرصے سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے۔مرحوم کی عمر 60 سال تھی،ان کے سوگوار لواحقین میں بیوہ، چار بیٹے اور اور دو بیٹیاں ہیں۔علاوہ ازیں محمد نجیب آرائیں کی نمازِ جنازہ جامعہ مسجد مدنی میں ادا کی گئی اور مرحوم کو یاسین آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز انیس احمد قائمخانی، رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، نائن زیرو پر خدمات انجام دینے والے مختلف شعبہ جات کے ارکان، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ارکان وکارکنان کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل، ایم کیوایم شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج نائلہ لطیف، حق پرست ارکان اسمبلی بلقیس مختار نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے محترمہ پارو کے گھر جا کر ان کے شوہر محمد نجیب آرائیں کے انتقال پر تعزیت کی مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ سرچارج نافذ کرنے کا فیصلہ عوام پر سراسر ظلم ہے فی الفور واپس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ سرچارج کی منظوری، ایکسائز ڈیوٹی دوگنا کرنے کے فیصلے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور فیصلے کو غریب دشمن اور عوام پر ظلم وستم قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ وفاقی کابینہ میں ہونیوالے فیصلے فی الفور واپس لیے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وفاقی کابینہ کی جانب سے ملک میں اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس نافذ کرنا عوام کے ساتھ سراسر ظلم ہے جس کا براہ راست اثر ملک کے غریب عوام پر پڑے گا، ملک کے غریب ومظلوم محنت کش، ہاری، مزدور اور تنخواہ دار طبقہ کے عوام ہوش ربا مہنگائی کے بوجھ تلے انتہائی کسمپرسی اور فاقہ کشی کی کربناک زندگی گذارنے پر مجبور ہیں جبکہ وفاقی کابینہ کی جانب سے ہونے والا حالیہ فیصلہ عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ بڑھا دیگا جسے وہ کسی صورت برداشت نہیں کرسکیں گے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اب ملک کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو میدان عمل میں آنے اور ملک میں غریبوں کا انقلاب لانے کی ضرورت ہے ایم کیوایم پرامن جمہوریت پسند جماعت ہے جو غریب عوام کی اجتماعی رائے کو سامنے رکھ کر ان کی امنگوں، خواہشات کے مطابق کام کررہی ہے تاہم ایم کیوایم ایسے کسی بھی فیصلے کی ہرگز ہرگز حمایت نہیں کرے گی جو نہ صرف عوام دشمن بلکہ انہیں زندہ درگور کرنے مترادف ہو۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں بجلی، گیس، تیل، آٹا، چاول، گھی، دودھ اور چینی سمیت دیگر روزمرہ کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ سرچارج کی منظوری اور ایکسائز ڈیوٹی دوگنی کرنے کا فیصلہ سراسر ظالمانہ اقدام ہے جس سے پیدا ہونے والا مہنگائی کا سونامی ملک بھر کے غریب عوام کو اپنے ساتھ بہا کر لے جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں جاری انتہاء پسند ودہشت گردی کے باعث ملک اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، عوام پہلے ہی ان گنت مسائل کا شکار ہیں اسے وقت میں وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ملک میں اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس نافذ کرنے کا فیصلہ غریب مزدوروں، محنت کشوں، ہاریوں، کسانوں اور غریب ومتوسط طبقہ کو اجتماعی خودکشیوں پر مجبور کردے گا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ملک سے کرپشن کا خاتمہ کیا جائے اور جن لوگوں نے سرکاری بینکوں سے اربوں کھربوں کے قرضے لیکر معاف کرائیں، سرکاری سودوں میں ناجائز طریقے کمیشن حاصل کیا اور ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ان سے قومی خزانے کی پائی پائی واپس لی جائے، بڑے بڑے جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس لگایا جائے اور ملک کی غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ سرچارج نافذ کرنے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔

## جھنگ کے قریب ٹریفک حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔11 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے جھنگ کے قریب مسافر ویگن اور ٹرالر کے حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں افتخار اکبر رندھاوا نے مطالبہ کیا کہ ملک میں بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں تا کہ قیمتی انسانی جانوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔انہوں نے ٹریفک حادثے میں ہلاک ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔( آمین
(

## جی ایس ٹی اور فلڈ ٹیکس کا نفاذ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے،
## عوام پہلے ہی بجلی، پیٹرول اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا ءاضافے سے نالاں ہیں۔ایم کیوایم زونل انچارج زاہد ملک

راولپنڈی۔۔۔11 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک نے جی ایس ٹی اور فلڈ ٹیکس کے نفاذ کو عوام دشمنی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اس فیصلے کو فوراواپس لے،عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، بدھ کو جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ جی ایس ٹی اور فلڈ ٹیکس کا نفاذ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے،عوام پہلے ہی بجلی، پیٹرول اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا ءاضافے سے نالاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اس عوام دشمن فیصلے کو مسترد کرتی ہے حکومت کو اسے فوراواپس لینا چاہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی حالیہ لہر سے عوام شدید اضطراب کا شکار ہیں قوم کو بتایا جائے کہ چینی کی قیمتوں میں اضافے کے ذمہدار کون ہیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔11رنومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کی رکن شائنہ ایڈوکیٹ کے بھائی محمد عطا الحق، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن ایاز کی بہن شبانہ اور ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار کے کارکنان فیضان اور مشتاق کی بھابھی فرزانہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرامائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔( آمین )

☆☆☆☆☆